ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

06-10-2021

بہاولپور() ڈی پی او محمد فیصل کامران کی کھلی کچہری، شہریوں کی درخواستوں پر بروقت کارروائی نہ کرنے پر 02 ایس ایچ اوز سمیت متعدد افسران کو شوکاز نوٹس جاری، تھانہ کی سطح پر شہریوں کو انصاف اور دادرسی نہ کرنے والے افسران اپنا قبلہ درست رکھیں، کھلی کچہری کا مقصد ہی تھانہ کی سطح پر پبلک سروس ڈیلیوری کو بہتر کرنا ہے، ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب سردار عثمان بزدار اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کی اوپن ڈور پالیسی اور پبلک سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانے کی حوالے سے پالیسی کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران نے اپنے ڈی پی او آفس میں کھلی کچہری لگائی، 57 شہریوں نے پولیس سے متعلقہ اپنے مسائل ڈی پی او کو بیان کیے، 02 شہریوں نے بروقت کارروائی نہ کرنے کی شکایت کی جس پر ڈی پی او نے ایس ایچ اوز کو فوری طور پر کارروائی کرنے کا حکم دیا اور ایس ایچ او تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ، محرر، فرنٹ، ڈیسک آپریٹر کے علاوہ ایس ایچ او تھانہ صدر احمد پور شرقیہ کو شوکاز نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلبی کی، جبکہ دیگر درخواستوں پر متعلقہ افسران کو آن کال لیتے ہوئے شہریوں کے مسائل حل کرنے کے احکامات جاری کیے، اس موقع پر ڈی پی او محمد فیصل کامران نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی درست شکایات پر غفلت کا مظاہرہ کرنے والے افسران کو محکمانہ کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا، روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری لگانے کا مقصد ہی یہی ہیکہ تھانہ لیول پر پبلک سروس ڈیلیوری کو بہتر سے بہتر بنایا جائے، تھانہ کی سطح پر شہریوں کو انصاف اور دادرسی کرنے والے افسران اپنا قبلہ درست رکھیں، شہریوں کے پولیس سے متعلقہ مسائل کو فوری میرٹ پر حل کرنا ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

بہاول پور: ڈی پی او محمد فیصل کامران کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سن کر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

06-10-2021

بہاول پور() پولیس کی مجرم اشتہاری اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری،متعدد ملزمان گرفتار، منشیات وناجائز اسلحہ برآمد،مقدمات درج،جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کے لیے بھرپور کارروائیاں کی جائیں،معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کرنے کے لیے یہ جنگ جاری ہے،ڈی پی او محمد فیصل کامران۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی پالیسی "منشیات سے پاک معاشرہ" پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی ہدایات کے مطابق بہاول پور پولیس نے منشیات فروشوں اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے مجرم اشتہاری ومتعدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے منشیات اور ناجائز اسلحہ برآمد کرلیا۔پولیس تھانہ ڈیراور اور چنی گوٹھ نے منشیات فروش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزمان ریاست علی اور کامران علی کو گرفتار کرلیا جن کے قبضہ سے 3410 گرام چرس برآمد کرلی، پولیس تھانہ خیر پور ٹامیوالی ،مسافر خانہ اور سول لائنز نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان طارق مسیح ،یسین اور محمد طارق کو گرفتار کرلیا ،جن کے قبضہ سے 60 لیٹر شراب اور متعدد ولائتی شراب کی بوتلیں برآمد کرلیں، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے پولیس تھانہ ڈیراور، چنی گوٹھ ،صدر حاصل پور اور صدر احمد پور شرقیہ نے ملزمان شاہد محمود، منیر احمد، محمد مدثر اور کریم بخش کو گرفتار کر کے 03 عدد پسٹل 30 بور اور 01 ریپیٹر 12 بور برآمد کرلیا، متعلقہ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے،اسی طرح تھانہ عنایتی پولیس نے مجرم اشتہاریوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے شادی شدہ عورت کو زناءحرام کی خاطر اغواء کے مقدمہ میں ملوث کیٹگری B کے مجرم اشتہاری ممتاز احمد کو 09 سال گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا، جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کے لیے بھرپور کارروائیاں کی جائیں، معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کرنے کے لیے یہ جنگ جاری ہے، ان خیالات کا اظہار ڈی پی او محمد فیصل کامران نے ضلع کے ایس ایچ اوز کو جاری ہدایات کے دوران کیا۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

بہاول پور: پولیس کی مجرم اشتہاری و جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، مقدمات درج۔